فوری ریلیز کے لیے: 22/5/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی جانب سے بروکلین میں $48 ملین لاگت سے بزرگ شہریوں کی سستی رہائش کے منصوبے کی تکمیل کا اعلان

ایسٹ فلیٹبش میں Bethany Senior Terraces نیو یارک کے بزرگ مکینوں کے لیے 57 سستے اپارٹمنٹس فراہم کرتا ہے، بشمول امدادی خدمات والے گھر

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج Bethany Senior Terraces (بیتھنی سینئر ٹیرسز) کے کھلنے کا اعلان کیا، جو کہ بروکلین کے ایسٹ فلیٹبش محلے میں $48 ملین لاگت سے تعمیر ہونے والی سستی رہائشی عمارت ہے۔ نئی چار منزلہ عمارت میں 55 سال اور اس سے زیادہ عمر کے بزرگوں کے لیے 57 سستے اپارٹمنٹس شامل ہیں، بشمول امدادی خدمات والے اٹھارہ اپارٹمنٹس۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید (New York State Homes and Community Renewal, HCR) نے بروکلین میں 11,000 سے زائد قابلِ استطاعت گھر تیار کیے ہیں یا محفوظ بنائے ہیں۔ Bethany Senior Terraces (بیتھنی سینیئر ٹیرسز) اس کوشش کو جاری رکھتی ہے اور یہ گورنر Hochul (ہوکل) کے $25 بلین کے پانچ سالہ رہائشی منصوبے کا حصہ ہے، جو ریاست بھر میں 100,000 حسبِ استطاعت گھروں کو تعمیر یا محفوظ کرنے کی راہ پر گامزن ہے۔

"نیو یارک کا ہر باشندہ زندگی گزارنے کے لیے ایک محفوظ اور سستی جگہ کا مستحق ہے جہاں وہ آزادی اور استحکام کے ساتھ جی سکے"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "Bethany Senior Terraces (بیتھنی سینئر ٹیرسز) نے بروکلین میں طویل عرصے سے خالی ایک جگہ کو بزرگ بالغوں کے لیے جدید، توانائی کی بچت والے گھروں میں تبدیل کر دیا ہے جبکہ امدادی خدمات کی فراہمی سے کمزور بزرگوں کو ترقی کی منازل طے کرنے میں مدد ملے گی۔ ہماری رہائش گاہوں کی کمی کو پورا کرنے اور نیو یارک میں صحت مند محلوں کی تعمیر کے لیے اس طرح کی پیشرفت ضروری ہے"۔

RiseBoro Community Partnership Inc. کی جانب سے تیار کردہ، Bethany Senior Terraces نے دو خالی عمارتوں کی جگہ لی ہے جو پہلے Bethany Methodist Home for the Aged کے زیرِ استعمال تھیں۔ نئی عمارت میں 45 اسٹوڈیو اپارٹمنٹس، 12 ایک بیڈ روم والے اپارٹمنٹس اور ایک سپرنٹنڈنٹ یونٹ شامل ہے۔ تمام 57 سستے اپارٹمنٹس ان گھرانوں کے لیے مخصوص ہیں جو علاقے کی اوسط آمدنی کا 50 فیصد یا اس سے کم کماتے ہیں۔

اٹھارہ اپارٹمنٹس کرایہ داروں کے لیے مختص ہیں جو سائٹ پر امدادی خدمات کے اہل ہیں جن میں وہ افراد بھی شامل ہیں جو بے گھر ہونے کی مشکل کو جھیل رہے ہیں۔ خدمات RiseBoro Community Partnership Inc. کی جانب سے فراہم کی جاتی ہیں اور ان میں کیس مینجمنٹ، ہیلتھ کوآرڈینیشن، اور سماجی اور تفریحی پروگرامنگ شامل ہیں جسے بزرگوں کو مستقل رہائش اور عمر کو آزادانہ طور پر برقرار رکھنے میں مدد کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ ریاست نیو یارک کا محکمۂ صحت ایمپائر سٹیٹ سپورٹیو ہاؤسنگ انیشیٹو (Empire State Supportive Housing Initiative) ایوارڈ کے ذریعے ان امدادی اپارٹمنٹس کو چلانے کے لیے فنڈ فراہم کر رہا ہے۔

اس عمارت میں مکمل طور پر قابلِ رسائی اور ضرورت کے مطابق ڈھل جانے والے اپارٹمنٹس شامل ہیں۔ اس میں چلنے پھرنے سے معذور رہائشیوں کی رہائش کے لیے پانچ یونٹ اور حسی معذوریوں والے رہائشیوں کو بسانےکے لیے دو یونٹ ہوں گے۔

مکمل طور پر برقی تنصیب والی عمارت کو 2020 انٹرپرائز گرین کمیونٹیز پلس (Enterprise Green Communities Plus) اور پیسیو ہاؤس (Passive House) معیارات پر پورا اترنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا، جس میں پائیداری کی خصوصیات شامل ہیں جن میں توانائی کی بحالی والے ہواداری (Energy Recovery Ventilation) نظام، ایل ای ڈی لائٹنگ، Energy Star ایپلائینسز، کم VOC والے مواد اور چھت کا بنیادی ڈھانچہ شامل ہے جو مستقبل میں شمسی توانائی کے پینلوں کو سہارا دینے کے قابل ہے۔

رہائشیوں کو امدادی خدمات کے دفاتر، ذخیرہ کرنے کی جگہ اور کمیونٹی روم تک رسائی حاصل ہو گی۔ عمارت میں بیرونِ خانہ بالا خانے شامل ہیں جن کی سیڑھیاں عمارت کے دالان سے دور واقع ایک بڑے، عام باغ میں اترتی ہیں اور ہر منزل پر داخلی سماجی جگہوں کے لیے داخلے کی پیشکش کرتی ہیں۔ ایک ہائیڈروپونک گرین ہاؤس ہے - جو پودوں کو اگانے کے لیے مٹی کے بجائے پانی کا استعمال کرتا ہے۔ گرین ہاؤس سے براہِ راست منسلک ایک اجتماعی کچن ہے جس کا مقصد باغبانی اور کھانا پکانے کے بارے میں کمیونٹی کے مظاہروں کی میزبانی کرنا ہے۔

عمارت کی تعمیر کے لیے ریاستی سرمائے میں وفاقی اور ریاستی کم آمدنی والے ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹس شامل تھے جنہوں نے تقریباً $14.4 ملین ایکویٹی اور $7.8 ملین سبسڈی میں نیو یارک سٹیٹ گھروں اور کمیونٹی کی تجدید سے حاصل کی۔ ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحقیق و تیاری توانائی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) نے $716,000 کی فنڈنگ فراہم کی۔ سرمائے میں $9.3 ملین نیو یارک سٹی ڈیپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈویلپمنٹ نے فراہم کیا تھا۔

ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے محکمے کی کمشنر RuthAnne Visnauskas (رُتھ این وسنسکس) نے کہا، "Bethany Senior Terraces (بیتھنی سینئر ٹیرسز) بالکل اسی قسم کی رہائش فراہم کرتا ہے جس کی نیو یارک کو زیادہ ضرورت ہے — ایسے اپارٹمنٹس جو سستے، امدادی، پائیدار ہوں، اور رہائشیوں کو اپنی پسند کی کمیونٹیز سے منسلک ہونے کے قابل بناتے ہیں۔ ایک تباہ حال جائیداد کو اعلیٰ معیار کے 57 اپارٹمنٹس میں تبدیل کر کے، یہ عمارت گورنر Hochul (ہوکل) کے رہائش اور آب و ہوا کے اہداف کو آگے بڑھا رہی ہے جبکہ بروکلین میں بزرگوں کے لیے ایک صحت مند، زیادہ سستا مستقبل بنانے میں مدد کر رہی ہے"۔

ریاست نیو یارک کے کمشنرِ صحت ڈاکٹر James McDonald (جیمز میکڈونلڈ) نے کہا، "بزرگ بالغوں کے لیے، ایک صحت مند اور قابلِ رسائی گھر عزت کے ساتھ بڑھاپا گزارنے کے لیے ضروری ہے۔ Bethany Senior Terraces رہائشیوں کو ان خدمات اور امداد سے منسلک رہتے ہوئے آزادانہ طور پر زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرے گا جن کی انہیں ترقی کے لیے ضرورت ہے۔ ان کی قیادت اور نیو یارک ریاست میں سستے مکانات کی توسیع کے عزم پر میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتا ہوں"۔

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris (ڈورین ایم ہیرس) نے کہا، " Bethany Senior Terraces ایک مثال کے طور پر کام کرتا ہے کہ سستی رہائش کی تعمیر کس طرح کی جائے جو کہ رسائی اور آمد و رفت کی گنجائشوں کے ساتھ ساتھ جدید ترین صاف ٹیکنالوجی کو ترجیح دیتی ہے۔ اس منصوبے میں شامل توانائی کی مؤثر اپ گریڈ سے نیو یارک کے عمر رسیدہ افراد کے لیے توانائی کے استعمال کو کم کرنے میں مدد ملے گی اور انہیں صاف ستھری، زیادہ جدید رہنے کی جگہوں پر رہنے کی اجازت ملے گی"۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے عمر رسیدہ افراد کے قائم مقام ڈائریکٹر Greg Olsen (گریگ اولسن) نے کہا، "Bethany Senior Terraces ترقیاتی منصوبہ ریاست بھر میں عمر کے مطابق سستی رہائش کو بڑھانے کے گورنر Hochul (ہوکل) کے عزم کو اجاگر کرتا ہے۔ موقع پر امدادی خدمات اور سماجی اور تفریحی پروگرامنگ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرے گی کہ بزرگ بالغوں کو اپنی کمیونٹی میں آزاد، صحت مند، اور فعال رہنے کا موقع

ملے۔ نیو یارک کے بزرگ باشندوں کا ہر کمیونٹی میں گہرا اثر ہوتا ہے، اس لیے میں گورنر Hochul (ہوکل) کی نیو یارک کے بزرگ باشندوں کو اپنی پسند کی کمیونٹیز میں رکھنے کی مسلسل کوششوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں"۔

RiseBoro Community Partnership کی سی ای او Kieran Harrington (کیرن ہیرنگٹن) نے کہا، "طویل عرصے سے خالی اس جگہ کو حاصل کرنے سے لے کر 57 انتہائی سستے،مکمل برقی تنصیبات والے گھروں کی فراہمی تک، RiseBoro کو اس بات پر فخر ہے کہ انہوں نے Bethany Senior Terraces کو ایک ایسی جگہ کے طور پر بنایا ہے جہاں نیو یارک کے بزرگ وقار، استحکام اور کمیونٹی کے ساتھ عمر گزار سکتے ہیں۔ ہمیں مزید سستی اور پائیدار رہائش گاہوں کی تیاری جاری رکھنے پر خوشی ہے جو ہماری کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں اور ماحولیاتی لچک کو فروغ دیتے ہیں"۔

نمائندہ Yvette D. Clarke (یوویت ڈی کلارک) نے کہا، "Bethany Senior Terraces کا افتتاح صرف سستی رہائش میں سرمایہ کاری نہیں ہے، بلکہ یہاں وسطی بروکلین میں ہمارے بزرگوں کے لیے وقار، استحکام اور مواقع میں سرمایہ کاری ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب نیو یارک کے بہت زیادہ بزرگ رہائشی عدم تحفظ کے ساتھ جدوجہد کر رہے ہیں، یہ عمارت ایسے امدادی اور پائیدار گھر فراہم کرے گی جہاں کے رہائشی وقار اور آزادی کے ساتھ عمر گزار سکتے ہیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل)، RiseBoro Community Partnership, Inc.، اور اپنے تمام شراکت داروں کی ستائش کرتی ہوں کہ انہوں نے ایک طویل عرصے سے خالی سائٹ کو ہمدردانہ، آب و ہوا سے متعلق ہوشیار رہائش کے ایک نمونے میں تبدیل کیا جو موقع پر امدادی خدمات فراہم کرتا ہے۔ مل جُل کر، ہم یہ ثابت کر رہے ہیں کہ نیو یارک کا ہر باشندہ ایک ایسی محفوظ اور سستی جگہ کا مستحق ہے جسے وہ اپنا گھر کہے"۔

گورنر Hochul (ہوکل) کا ہاؤسنگ ایجنڈا

گورنر Hochul (ہوکل) نیو یارک کے رہائشی بحران سے نمٹنے اور ریاست کو نیو یارک کے تمام تر شہریوں کے لیے زیادہ قابل استطاعت اور قابل رہائش بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ مالی سال 2023 سے، گورنر رہائش کو حسب استطاعت بنانے کے لیے رہائش گاہوں کی فراہمی میں اضافہ کرنے پر کام کر رہی ہیں، جس کے لیے انہوں نے $25 بلین کا پانچ سالہ جامع رہائش گاہوں کا پلان شروع کیا، کئی دہائیوں میں سب سے اہم ہاؤسنگ معاہدے کا اطلاق کیا اور کرایہ داروں اور گھر مالکان کے لیے نئی حفاظتی تدابیر نافذ کیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت کے تحت، HCR نے نئے پروگرامز متعارف کروائے ہیں جو کرائے داروں اور گھر کے خریداروں، دونوں کے لیے قابلِ استطاعت اور مخلوط آمدنی والے گھروں کی ترقی میں تیزی لاتے ہیں۔ ان میں پرو-ہاؤسنگ کمیونٹی پروگرام (Pro-Housing Community Program) بھی شامل ہے، جو تصدیق شدہ مقامی علاقوں کو ریاستی صوابدیدی فنڈنگ میں سے $750 ملین تک کی خصوصی رسائی فراہم کرتا ہے۔ نیو یارک سٹی سمیت، پوری ریاست میں 410 سے زیادہ کمیونٹیز کو پرو ہاؤسنگ (Pro-Housing) کی سند دی جا چکی ہے۔

گورنر Hochul (ہوکل) کے سنہ 2026 کے سالانہ ریاستی خطاب کے جزو کے طور پر، گورنر نے اپنا 'انہیں بنانے دیں' ('Let Them Build') ایجنڈا پیش کیا جو رہائش گاہ اور بنیادی ڈھانچے کے ترقیاتی کاموں کی رفتار بڑھانے اور اخراجات کم کرنے کے لیے تاریخی اصلاحات کا ایک سلسلہ ہے۔ یہ کاوش نیو یارک کے ریاستی ماحولیاتی معیار کا جائزہ ایکٹ (State Environmental Quality Review Act, SEQRA) میں عام فہم اصلاحات کے ایک سلسلے اور منصوبوں کے اہم زمروں کو تیز کرنے کے لیے ایگزیکٹو کارروائیوں کی حوصلہ افزائی کرے گی جن کے ماحولیاتی اثرات کو مستقل طور پر نمایاں نہیں کیا گیا ہے، لیکن طویل عرصے سے سرخ فیتے میں پھنسے ہوئے ہیں اور طویل تاخیر کا شکار ہیں۔

مالی سال 2027 کا ایگزیکٹو بجٹ گورنر کے موجودہ پانچ سالہ ہاؤسنگ پلان کو مکمل کرتا ہے، جس کا مقصد ریاست بھر میں 100,000 کم لاگت گھروں کی تخلیق یا تحفظ ہے، جن میں کمزور طبقات کے لیے معاون خدمات کے ساتھ 10,000 گھر اور مزید 50,000 گھروں کی برقی کاری شامل ہے۔ اب تک 81,000 سے زیادہ حسب استطاعت گھر تعمیر کیے جا چکے ہیں یا انہیں محفوظ بنایا جا چکا ہے۔ ایگزیکٹو بجٹ ہزاروں نئے سستے گھروں کی تعمیر کو تیز کرنے کے لیے کیپٹل فنڈنگ میں $250 ملین کی سرمایہ کاری بھی کرتا ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں